**26.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........آسیہ میمونہ

**Music**

---

- ☆ بھارت اور اسرائیل نے یروشلم میں وزیر اعظم نریندر مودی اور اسرائیل کے اُن کے ہم منصب کے درمیان وفد سطح کی بات چیت کے بعد کئی مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا۔
- ☆ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ دونوں ممالک نے اپنے تعلقات کو خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری کے درجے تک لے جانے کا تاریخ ساز فیصلہ کیا ہے۔
- ☆ دونوں ملکوں نے مصنوعی ذہانت AI، کوانٹم ٹیکنالوجی اور اہم معدنیات کے شعبوں میں باہمی تعاون کو نئی رفتار دینے کا بھی فیصلہ کیا۔
- ☆ شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے ایئرلائنز کے لیے ٹکٹ ریفنڈ کے ضابطوں میں ترمیم کی ہے۔ بکنگ کے 48 گھنٹوں کے اندر ٹکٹ منسوخ یا تبدیل کرنے پر کوئی اضافی چارج نہیں لیا جائیگا۔
- ☆ مغربی ایشیا خطے میں امریکہ کی بڑی فوجی تعیناتی کے درمیان امریکہ اور ایران کے حکام نے جینوا میں بالواسطہ مذاکرات کیے۔
- ☆ اور مردوں کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں چنئی میں سپُر۔ 8مرحلے کے میچ میں بھارت نے زمبابوے کے سامنے جیت کیلئے 257رن کا نشانہ رکھا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**India Israel MoU**

بھارت اور اسرائیل نے ثقافتی تبادلے، زمین کے اندرونی حصوں کی سائنسی جانچ، ماہی پروری اور آبی زراعت، UPI اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے تعلیم کے فروغ سمیت مختلف شعبوں میں آج کئی مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا۔ اِن مفاہمت ناموں کا تبادلہ، وزیرِ اعظم نریندر مودی اور اسرائیل کے اُن کے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو کے درمیان وفد سطح کی بات چیت کے بعد کیا گیا۔

اپنے پریس بیان میں وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور اسرائیل کے درمیان تعلقات وسیع اعتماد، مشترکہ جمہوری اقدار اور انسانی ہمدردی کی مضبوط بنیاد پر قائم ہیں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ آج دونوں ممالک نے

تاریخ ساز فیصلہ کرتے ہوئے اپنے دیرینہ تعلقات کو ’’خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری‘‘ کے درجے تک پہنچایا۔

**S/B: Modi- Speacial Strategic Prtnr.**

وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ دونوں ممالک نے ’’اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے درمیان شراکت داری‘‘ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سے مصنوعی ذہانت AI، کوانٹم ٹیکنالوجی اور اہم معدنیات جیسے شعبوں میں باہمی تعاون کو نئی رفتار ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل میں UPI کے استعمال کے سے متعلق معاہدہ طے پا گیا ہے۔

**S/B: Modi- Critical Emerging Tech...**

اُدھر اسرائیل کے وزیرِ اعظم نیتن یاہو نے کہا کہ دونوں ممالک عظیم اور قدیم تہذیبوں کے حامل ہیں اور اپنے شاندار ماضی پر فخر کرتے ہیں۔ دونوں ممالک مستقبل کو سنوارنے کے لیے بھی پُرعزم ہیں اور دونوں ملکر یہ کام بہتر انداز میں کر سکتے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Dhiraj Kakdia**

وزیرِ اعظم کے دو روزہ دورے کے دوران مختلف پروگرام منعقد کیے گئے، جن میں سب سے اہم اسرائیل کی پارلیمنٹ Knesset سے ان کا خطاب تھا۔ تیس منٹ سے زیادہ کے اپنے خطاب میں وزیرِ اعظم نے کئی اہم نکات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف لڑائی کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا۔

وزیرِ اعظم نے یہ بھی کہا کہ مغربی ایشیا میں امن اور استحکام عالمی امن کیلئے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے دانشمندی، حوصلے اور انسانی ہمدردی کے ساتھ بات چیت کے ذریعے تنازعات کے حل کے بھارت کے مؤقف کی وکالت کی۔وزیرِ اعظم نے ایک ٹیکنالوجی نمائش کا بھی دورہ کیا جہاں اسرائیل کی جدید ٹیکنالوجیز پیش کی گئیں۔

دورے کے دوسرے دن انہوں نے Yaad Vashem میموریل کا دورہ کیا، جو ہولوکاسٹ میں نازی حملوں کے دوران قتل کیے گئے 60لاکھ یہودیوں کی یاد میں تعمیر کیا گیا ہے۔

اسرائیل کے صدر Isaaq Herzog سے ملاقات کے دوران دوطرفہ امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ وفد سطح کی بات چیت کے بعد اختتامی کلمات میں دونوں وزرائے اعظم نے ایک دوسرے کے تئیں اطمینان اور تشکر کا اظہار کیا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ’’Speaker of Knesset‘‘ ایوارڈ کیلئے شکریہ ادا کیا اور اسے 140 کروڑ بھارتی شہریوں اور بھارت–اسرائیل دوستی کے نام معنون کیا۔ یہ ایوارڈ، کل پارلیمنٹ میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کو دیا گیا تھا۔

دھیرج Kakdia کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں اصغر علی

بعد میں مشترکہ بیان میں دونوں ملکوں نے 7اکتوبر 2023 کو اسرائیل پر ہونے والے خطرناک دہشت گردانہ حملے، پچھلے برس 22اپریل کو جموں و کشمیر کے پہلگام میں بھارتی سیاحوں پر ہوئے دہشت گردانہ حملے اور گزشتہ سال 10نومبر کو نئی دلّی میں لال قلعہ کے قریب دہشت گردی کے واقعے کی سخت مذمت کی۔ وزیرِ اعظم مودی اور وزیرِ اعظم نیتن یاہو نے عالمی امن و سلامتی کو فروغ دینے کیلئے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا اور غزہ تنازعے کے خاتمے کیلئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے جامع منصوبے کا خیرمقدم کیا۔x

## India Israel FTA Negotation

بھارت–اسرائیل آزاد تجارتی معاہدے کیلئے مذاکرات کا پہلا دور آج نئی دلّی میں کامیابی کے ساتھ مکمل ہوا۔ چار روزہ مذاکرات کے دوران دونوں ملکو نے اشیاء اور خدمات کی تجارت، Rules of Origin، تجارت میں تکنیکی رکاوٹیں، کسٹمز طریقۂ کار، دانشورانہ املاک کے حقوق، ڈیجیٹل تجارت اور دیگر اہم امور سمیت مختلف شعبوں کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔ x

## FS Briefing Israel

وزیر اعظم کے دورے کے تعلق سے یورشلم میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارت خارجہ کے سکریٹری وکرم مسری نے کہا ہے کہ جناب مودی اور اُن کے اسرائیلی ہم منصب بنیامن نتن یاہو نے سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزارتی سطح کی موجودہ مشترکہ کمیشن کا تجزیہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔×

## DGCA Ticket Refund

شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے ایئرلائنز کے لیے ٹکٹ ریفنڈ کے ضابطوں میں ترمیم کی ہے۔ مسافر اب مخصوص شرائط کے تحت بکنگ کے 48 گھنٹوں کے اندر بغیر اضافی چارج کے اپنا ٹکٹ منسوخ یا تبدیل کر سکتے ہیں۔ DGCA نے کہا کہ اگر مسافر بکنگ کے 24 گھنٹے کے اندر نام کی غلطی کی نشاندہی کرے اور ٹکٹ براہِ راست ایئرلائن کی ویب سائٹ سے خریدا گیا ہو تو ایئرلائن نام کی درستگی پر کوئی اضافی فیس عائد نہیں کرے گی۔ DGCA کے مطابق اگر ٹکٹ ٹریول ایجنٹ یا پورٹل کے ذریعے خریدا گیا ہو تو ریفنڈ کی ذمہ داری ایئرلائن پر ہوگی کیونکہ ایجنٹ اس کے مقررہ نمائندے ہوتے ہیں۔ اس نے مزید کہا کہ ایئرلائنز کو کام کے 14دنوں کے اندر ریفنڈ کا عمل مکمل کرنا ہوگا۔ x

## AI Summit Reaction Agriculture

مصنوعی ذہانت AI زراعت کے شعبہ میں فصلوں کی نگرانی، زرعی سطح پر فیصلہ سازی میں بہتری، مٹی کا تجزیہ اور فصلوں کے مطابق موسمی حالات کی معلومات اور پیش گوئی کے ذریعہ اہم رول ادا کیا ہے۔سمٹ کے دوران آکاشوانی سے خصوصی بات چیت میں Clim Agro Analyties کے بانی ڈاکٹر ہرشت مشرا نے کہا کہ وہ زراعت کیلئے ایک موسمی خطرون کی آگاہی دینے والا ایک Intelligence Platform تیار کر رہے ہیں۔×

## UIDAI GOOGLE

یونیک آڈینٹی فکیشن اتھارٹی آف انڈیا (UIDAI) اور گوگل نے گوگل میپ میں سبھی مجاز آدھار سینٹروں کی نمائش کیلئے ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔الیکٹرونکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے آج کہا ہے کہ اس اقدام سے ملک بھر کی رہائشیوں تک رسائی اور سہولت میں آسانی ہوگی۔

وزارت نے کہا ہے کہ اس سے آدھار سینٹروں تک رسائی کے علاوہ دویانگ افراد کی سہولت سے متعلق بنیادی ڈھانچہ کی معلومات، پارکنگ کی سہولت سے متعلق معلومات اور سینٹروں کے کام کرنے کے اوقات سے متعلق معلومات دستیاب ہوگی، جس سے رہائشیوں کیلئے سہولت میں اضافہ ہوگا۔×

## HPV Vaccine Vinod K Paul

صحت کے شعبے میں فوائد کا ذکر کرتے ہوئے نیتی آیوگ کے ممبر ڈاکٹر ونود کمار پال نے کہا ہے کہ سروائکل کینسر سے بچانے والی HPV ویکسین حکومت کے ذریعے ایک مہم کے طور پر شروع کی گئی ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر پال نے کہا ہے کہ ویکسین 14سال تک کی عمر کی لڑکیوں کو دی جائے گی۔ ڈاکٹر پال نے مزید کہا کہ اس کا مقصد ان کی جنسی زندگی میں عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ فائدہ مند ثابت ہوگی۔ اس ویکسین کے ذریعے پوری طرح سے آگاہ اور محفوظ رہ سکیں، جس سے کی کوئی بھی انفیکشن نہ لاحق ہو۔×

## Vaishnaw Railways

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج بھارتیہ ریلوے میں اس سال 52ہفتوں میں 52اصلاحات کے ذریعہ بہتری لانے کے ایک حصے کے طور پر دو اور اصلاحات کا اعلان کیا ہے۔دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے تیسری اصلاح کی نقاب کشائی کی، جس کا نام ہے ''ریل ٹیک پالیسی''۔ انھوں نے بتایا کہ اس اصلاح کا مقصد ریلوے میں بڑے پیمانے پر ٹیکنولوجی کو اپنانے کے عمل کو فروغ دینا ہے۔

انھوں نے کہا کہ بھارتی ریلوے کا مقصد اختراع کاروں، اسٹارٹ اپس، صنعت اور اداروں کو ریلوے میں اختراع کرنے کیلئے فروغ دینا ہے۔×

**S/B - Ashwani Vaishnaw Rail Teck**

## Karnataka Transmitter

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مرگن نے Shivamogga میں آکاشوانی کے دس کلو واٹ FM ریلے ٹرانسمیٹر کا افتتاح کرتے ہوئے اسے کرناٹک میں عوامی نشریاتی نظام کو مضبوط بنانے کی سمت میں اہم پیش رفت قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ اس اقدام سے وزیر اعظم نریندر مودی کے اُس وژن کی عکاسی ہوتی ہے، جس کے تحت ترقی کو صف میں کھڑے آخری فرد تک پہچانا مقصود ہے۔ توقع ہے کہ نئے ٹرانسمیٹر سے شیوموگا اور بھدراوتی کے عوام کو فلاحی معلومت، تعلیمی مواد اور ثقافتی پروگراموں تک بہتر رسائی حاصل ہوسکے گی۔×

## SC NCERT Book Ban

سپریم کورٹ نے NCERT کے آٹھویں کی جماعت کی کتاب میں شامل کئے گئے عدلیہ میں بدعنوانی سے متعلق باب پر مکمل پابندی عائد کردی ہے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت کی قیادت والی بینچ نے کتاب کی تمام طبع شدہ

کاپیوں کو ضبط کرنے اور ڈیجیٹل فارم کو بھی ہٹانے کا حکم جاری کیا ہے۔ عدالت نے مرکزی و ریاستی حکام سے ان ہدایات پر فوری طور پر عمل کرنے کا حکم دیا ہے اور متنبہ کیا ہے کہ حکم عدولی کی صورت میں سخت کارروائی کی جائے گی۔ عدالت نے NCERT کے ڈائریکٹر اور اسکول ایجوکیشن سکریٹری کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کرتے ہوئے اس بات کی وضاحت طلب کی ہے کہ اس کے ذمہ دار افراد کے خلاف کیوں کارروائی نہ کی جائے۔x

**CBI AMBANI**

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے صنعت کار انیل امبانی اور Reliance Communications کے خلاف مبینہ طور پر Bank of Baroda کے ساتھ دھوکہ دہی کرنے اور اسے دو ہزار 220 کروڑ روپے کا نقصان پہنچانے کے الزام میں ایک تازہ معاملہ درج کیا ہے۔ CBI نے بینک آف بڑودا کے ذریعہ سازش رچنے دھوکہ دینے اور مجرمانہ طور پر غلط رویہ اپنانے کے معاملے میں دی گئی شکایت کی بنیاد پر یہ دوسرا معاملہ درج کیا ہے۔ CBI نے پہلے ہی Reliance Communications کے خلاف SBI کی جانب سے درج کرائی گئی ایک شکایت کی بنیاد پر ایک دیگر معاملہ درج کیا ہے۔×

**IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات نے مغربی بنگال اور سکّم کے ذیلی علاقوں میں گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ کیرالہ اور Mahe میں بھی اسی طرح کی صورتحال بنی رہے گی۔ محکمے نے ہفتہ تک پنجاب کے الگ الگ مقامات پر گھنے کہرے چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے اگلے سات دنوں کے دوران ملک کے شمال مغربی خطّوں کے درجہ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کے بتدریج اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔×

**US Iran Nuclear Talks**

ایران اور امریکہ کے مذاکرات کاروں نے سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا میں تیسرے دور کے بالواسطہ جوہری مذاکرات کیے۔ اس سے قبل اسی مہینے دو دور کی بات چیت ہو چکی ہے۔ ایرانی وفد کی قیادت وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے کی، جبکہ امریکہ کی نمائندگی خصوصی ایلچی Steve Witkoff اور Jared Kushner نے کی۔

یہ مذاکرات عمان کے وزیرِ خارجہ بدر Albusaidi کی ثالثی میں ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں فریقوں نے نئی اور تخلیقی تجاویز اور حل کے لیے اپنی آمادگی کا اظہار کیا ہے۔ یہ بات چیت ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب مغربی ایشیا میں امریکہ کی بڑی فوجی تعیناتی جاری ہے اور ممکنہ امریکی حملوں کے خدشے کے پیشِ نظر کئی ملکوں نے اپنے شہریوں کو ایران چھوڑنے کی ہدایت دی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ اس بحران کو سفارت کاری کے ذریعے حل کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، تاہم انہوں نے یہ بھی عندیہ دیا ہے کہ وہ ایران پر محدود حملے پر غور کر رہے ہیں تاکہ اس کی قیادت کو معاہدہ قبول کرنے پر آمادہ کیا جا سکے۔x

## Cricket T20 Worldcup

مردوں کے ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ میں چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں سُپر 8 گروپ ایک کے مقابلے میں بھارت نے زمبابوے کے سامنے جیت کیلئے 257رن کا نشانہ رکھا ہے۔ بھارت نے مقررہ 20اوورز میں چار وکٹ کے نقصان پر 256رن بنائے۔ بھارت کے ابھیشیک شرما نے 30 گیندوں میں 56رن بنایا، ہاردک پانڈیا نے 23 گیندوں میں 50رن بنایا اور آؤٹ نہیں ہوئے جبکہ تلک ورما نے 16 گیندوں پر بغیر آؤٹ ہوئے 44 رن بنایا۔

اس کے جواب میں آخری خبریں ملنے تک زمبابوے نے 6اوورز میں بغیر کسی نقصان کے وکٹ پر 44 رن بنالیا تھا۔

ایک دوسرے مقابلے میں احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ نے ویسٹ انڈیز کو 9وکٹ سے ہرا دیا۔ جنوبی افریقہ نے 16اوورز اور ایک گیند میں 177رن کا نشانہ صرف ایک وکٹ گنوا کر آسانی سے حاصل کرلیا۔ ویسٹ انڈیز نے مقررہ 20اوورز میں آٹھ وکٹ کے نقصان پر 176رن بنایا تھا۔

اس سے پہلے جنوبی افریقہ نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا تھا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆